© rasailojaraid.com



کتاب کا نام : چین میں اسلام کا مستقبل

مصنف : ڈاکٹر عمر حیات سیاں

ناشر : ندوۃ القلم اردو بازار کراچی جنوری ۲۰۰۸ء

قیمت وصفحات : ۱۰۰ روپے ۷۴ صفحات

مصنف نے چین اور عرب تعلقات چین کے خطہ میں مسلمانوں کی آمد اور ان کی نشو ونما مسلمانان چین کی خدمات چین میں اسلامی تمدن قرآن کے تراجم

وتفاسیر اور اسلامی تنظیموں کا تعارف کرانے کے ساتھ چین پر موجود تصانیف کی نشاندہی کر دی ہے یہ اس موضوع پر منفرد کتاب ہے چین ہمارا پڑوسی ملک ہے مگر اس پر بہت کم لکھا گیا ہے۔

کتاب کا نام : عالم اسلام خطرات وامکانات

مصنف : ڈاکٹر عمر حیات سال

ناشر : ندوۃ القلم اردو بازار کراچی جنوری ۲۰۰۸ء

قیمت وصفحات : ۹۰ روپے ۹۳ صفحات

کتاب میں یہودیت عیسائیت اور اسلام کا سیاسی حوالہ سے تقابلی مطالعہ ہے۔ جس سے یہودیوں کے عزائم اور عیسائیوں کی سازشوں سے آگاہ کرنے کے ساتھ اسلام کا نقطہ نظر رواداری وصلح جوئی کو نمایاں کیا گیا ہے۔ تمام کتابیں اس لائق ہیں کہ ہر لائبریری کی زینت بنیں۔

جنوری تا مارچ ۲۰۰۸ء: خبرنامہ دلیس پردیس البلاغ فاؤنڈیشن کا تبصرہ

۱۔ خلفاء راشدین کی بیگمات وصاحبزادیاں

محترمہ بشریٰ بیگ صاحبہ کا یہ ایک تحقیقی کام (ریسرچ ورک) ہے اس تحقیق کے نگران پروفیسر ڈاکٹر صلاح الدین ثانی صاحب نے کتاب کے "آغاز یہ" میں لکھا ہے "امہات المومنین اور بنات النبی ﷺ پر ضمناً ﷺ پر اور مستقلاً بہت لکھا گیا ہے اسی طرح خلفاء راشدین پر بے شمار کتب

© rasailojaraid.com